| Category | Course Code | Course Title | Credit Hours | Pre-Requisite |
|---|---|---|---|---|
| MAJOR-26 | ENGL-6428 | Creative Writing | 3(3-0) | Nil |
| MAJOR-27 | ENGN-6429 | Literature in Language Classroom | 3(3-0) | Nil |
| MAJOR-28 | ENGL-6430 | Contemporary Language Teaching Methods and Practices | 3(3-0) | Nil |
| MAJOR-29 | ENGL-6431 | South Asian Literature | 3(3-0) | Nil |
| MAJOR-30 | ENGL-6432 | Literary Discourse Analysis | 3(3-0) | Nil |

Semester Total Credit Hours: 15

Degree Program Total: 139

***Internship shall be offered after 4th Semester for fall intake and after 5th Semester for Spring intake programmes in summer break only.**

****Capstone Project shall be offered in 7th or 8th Semester depending upon availability of relevant faculty.**

*****Translation of the Holy Quran and Seerat of the Holy Prophet (SAW) are compulsory for Muslim Students only.**

## Scheme of Studies
### Associate Degree in Economics

**Semester-I**

| Category | Course Code | Course Title | Credit Hours | Pre-Requisite |
|---|---|---|---|---|
| GE-1 | URCG-5108 | Functional English | 3(3-0) | Nil |
| GE-2 | URCG-5105<br>URCG-5126 | Islamic Studies<br>Ethics (for Non Muslim Students) | 2(2-0) | Nil |
| GE-3 | URCG-5123 | Application of Information Communication Technologies (ICTs) | 3(2-1) | Nil |
| MAJOR-1 | ECON-5101 | Principles of Micro Economics | 3(3-0) | Nil |
| MAJOR-2 | ECON-5102 | Principles of Macroeconomics | 3(3-0) | Nil |
| MAJOR-3 | ECON-5103 | Islamic Economics | 3(3-0) | Nil |

Semester Total Credit Hours: 17

**Semester-II**

| Category | Course Code | Course Title | Credit Hours | Pre-Requisite |
|---|---|---|---|---|
| GE-4 | URCG-5111 | Translation of Holy Quran-I (For Muslim Students Only) | NC | Nil |
| GE-5 | URCG-5122 | Ethics, Wisdom and EPICS | 2(2-0) | Nil |
| GE-6 | URCG-5116 | Sciences of Society-I | 2(2-0) | Nil |
| GE-7 | URCG-5120 | Exploring Quantitative Skills | 3(3-0) | Nil |
| GE-8 | URCG-5127 | Seerat of Holy Prophet (S.A.W) (For Muslim Students Only) | 1(1-0) | Nil |
| MAJOR-4 | ECON-5104 | Intermediate Microeconomics | 3(3-0) | ECON-5101 |
| MAJOR-5 | ECON-5105 | Intermediate Macroeconomics | 3(3-0) | ECON-5102 |
| MAJOR-6 | ECON-5106 | Mathematical Economics-I | 3(3-0) | Nil |

Semester Total Credit Hours: 17

**Semester-III**

| Category | Course Code | Course Title | Credit Hours | Pre-Requisite |
|---|---|---|---|---|
| GE-9 | URCG-5119 | Expository Writing | 3(3-0) | Nil |
| GE-10 | URCG-5121 | Tools for Quantitative Reasoning-I | 3(3-0) | URCG-5120 |
| GE-11 | URCG-5112 | Ideology and Constitution of Pakistan | 2(2-0) | Nil |
| MAJOR-7 | ECON-5107 | Statistics of Economics-I | 3(3-0) | Nil |
| MAJOR-8 | ECON-5108 | Development Economics | 3(3-0) | Nil |
| MAJOR-9 | ECON-5109 | Political Economy and Global Order | 3(3-0) | Nil |

Semester Total Credit Hours: 17

**Semester-IV**

| Category | Course Code | Course Title | Credit Hours | Pre-Requisite |
|---|---|---|---|---|
| GE-4 | URCG-5117 | Translation of Holy Quran-II (For Muslim Students Only) | NC | |
| GE-12 | URCG-5114 | Course F Basic Science | 3(2-1) | Nil |
| GE-13 | URCG-5124 | Entrepreneurship | 2(2-0) | Nil |
| GE-14 | URCG-5127 | Civics & Community Engagement | 2(2-0) | Nil |
| MAJOR-10 | ECON-5110 | Statistics for Economics-II | 3(3-0) | ECON-5107 |
| MAJOR-11 | ECON-5111 | Agriculture Economics | 3(3-0) | Nil |
| MAJOR-12 | ECON-5112 | Environmental Economics | 3(3-0) | Nil |

Semester Total Credit Hours: 16

Degree Program Total: 67

- داخلہ فارم جمع کرواتے وقت مندرجہ ذیل دستاویزات کی تصدیق شدہ نقول لف کریں۔
- پاسپورٹ سائز رنگین تصاویر ہر سائز 1×1 غیر تصدیق شدہ — 06 عدد
- میٹرک / ایف اے پاس کرنے کا سرٹیفکیٹ — 03 عدد فوٹو کاپی
- کریکٹر سرٹیفکیٹ (ریگولر طالبہ ہونے کی صورت میں) — 01 عدد فوٹو کاپی
- والد / سرپرست کا شناختی کارڈ — 03 عدد فوٹو کاپی
- نادرا رجسٹریشن فارم "ب" یا شناختی کارڈ — 03 عدد فوٹو کاپی
- حفظ قرآن سرٹیفکیٹ — 01 عدد فوٹو کاپی
- والد / والدہ کا مدرس سرٹیفکیٹ (صرف اساتذہ کی بیٹیوں کیلئے)
- کسی دوسرے بورڈ سے میٹرک پاس کرنے کی صورت میں متعلقہ بورڈ کا اصل NOC جو کہ کالج میں داخلہ کی تاریخ سے زیادہ سے زیادہ ایک ہفتہ قبل کا جاری کردہ ہو۔ انٹرویو کے وقت ساتھ لائیں۔
- نوٹ:- تمام کاغذات فائل کور میں لگا کر دیں

## تبدیلی مضمون

طالبات سے توقع کی جاتی ہے کہ سال اول میں داخلہ کے وقت مضامین کے انتخاب میں سوجھ بوجھ کا ثبوت دیں گی۔ داخلہ کے بعد سال اول کی طالبات کو ایک ہفتہ کے اندر مضمون کی تبدیلی کی اجازت ہوگی۔ جو کہ انرولمنٹ کمیٹی کی منظوری سے ہوگا بورڈ رجسٹریشن کے بعد تبدیلی مضمون کی اجازت نہ ہوگی۔ اگر طالبہ مضمون تبدیل کروانا چاہے گی تو وہ سرگودھا بورڈ سے فیس ادا کر کے اپنا مضمون خود تبدیل کروائے گی۔ ادارہ ہذا اس کا ذمہ دار نہ ہوگا۔

## قواعد وضوابط برائے واجبات

1۔ داخلہ کے وقت ہمیشہ پورے سال کے واجبات برائے کلاس سال اول وصول کیے جاتے ہیں۔

2۔ سال دوم کی فیس سال اول اور اگلے سمیسٹر کی فیس پچھلے سمیسٹر کی رول نمبر سلپ کے ساتھ وصول کی جائے گی۔ نیز بورڈ/ یونیورسٹی کا داخلہ بھیجتے وقت بورڈ/ یونیورسٹی کی فیس الگ سے ادا کرنا ہوگی۔

3۔ فیس بروقت جمع نہ ہونے کی صورت میں فارم/ داخلہ منسوخ تصور کیا جائے گا۔

4۔ ہر قسم کی سکیورٹی فیس کی واپسی کیلئے طالبات کے تمام واجبات ادا کرنے کے بعد درخواست دفتر میں جمع کروائیں۔ اور پھر دی گئی مقررہ تاریخ پر ان کو ادائیگی کر دی جائے گی۔

5۔ ایک دفعہ جمع شدہ فیس ناقابل واپسی ہے۔

## فیس میں رعایت اور وظائف

فیس میں رعایت کی خواہشمند طالبات درخواستوں کے طلب کیے جانے پر والد/ سرپرست کی دستخط شدہ درخواست پیش کریں۔ فیس میں رعایت ان حقدار طالبات کو صرف ایک سال کیلئے دی جاتی ہے جو اچھے اخلاق اچھے کردار اور باقاعدہ حاضری کے علاوہ تعلیمی میدان میں بھی تسلی بخش کارکردگی کا مظاہرہ کریں گی۔

1۔ فیس میں رعایت غریب اور نادار طالبات کو کل داخلہ کی تعداد کے 10 فیصد کے حساب سے ملے گی۔

2۔ اگر دو بہنیں ایک ہی کالج میں پڑھتی ہوں تو ایک بہن کی ٹیوشن فیس میں نصف رعایت دی جائے گی۔

3۔ حافظ قرآن طالبات کی ٹیوشن فیس مکمل معاف ہوگی۔

4۔ اساتذہ کی بچیوں کو ٹیوشن فیس میں رعایت ہوگی۔

## بورڈ رجسٹریشن و داخلہ

1. کالج میں داخلہ کے بعد طالبات بورڈ کے رجسٹریشن فارم / داخلہ فارم پر دستخط کرتے وقت درج ذیل چیزوں کا ضرور خیال کریں۔ دستخط کرنے کے بعد ادارہ کسی قسم کی غلطی کا ذمہ دار نہ ہوگا۔

(۱) طالبہ رجسٹریشن فارم پر خود دستخط کرے۔ (۲) اپنی تصویر صحیح چیک کرے۔

(۳) اپنا نام اور ولدیت اچھی طرح چیک کرے۔ (۴) تجویز کردہ مضامین اور میڈیم اچھے طریقے سے دیکھ لے۔

2. داخلہ شروع ہونے کی تاریخ کے بعد دس دن کے اندر رجسٹریشن فارم یا داخلہ فارم نہ ملنے کی صورت میں طالبہ کیلئے ضروری ہے کہ وہ تحریری طور پر پرنسپل صاحبہ سے رابطہ کرے ورنہ رجسٹریشن نہ ہونے یا داخلہ نہ جانے کی صورت میں طالبہ خود ذمہ دار ہوگی۔

3. بورڈ رجسٹریشن یا بورڈ داخلہ کے بعد رجسٹریشن لسٹ یا بورڈ داخلہ لسٹ میں اپنا نام اور ولدیت اچھی طرح چیک کرلیں۔ لسٹ میں نام نہ ہونے کی صورت میں تحریری طور پر پرنسپل صاحبہ سے رابطہ کریں۔ ورنہ طالبہ اپنے نقصان کی خود ذمہ دار ہوگی۔ ادارہ اس کا ذمہ دار نہ ہوگا۔

4. فارم میں کسی بھی قسم کی خامی نظر آنے کی صورت میں طالبہ متعلقہ ٹیچر یا کنٹرولر امتحانات سے فوری رابطہ کرے۔

## یونیفارم

| | | |
|---|---|---|
| شلوار قمیص | سفید | سویٹر جرسی (درمیانہ سائز) کالی<br>دوپٹہ ہر کلاس کا علیحدہ رنگ کا ہوگا |
| بند جوتے، جرابیں | کالے | |
| سٹوڈنٹ کارڈ | | سٹوڈنٹ کارڈ یونیفارم کا لازمی حصہ ہے |

## سٹوڈنٹ کارڈ

کالج میں داخلہ کے بعد طالبات کو ایک سٹوڈنٹ کارڈ جاری کیا جاتا ہے جو کہ طالبہ کیلئے ہر وقت پہننا ضروری ہے۔
اس سٹوڈنٹ کارڈ کے بغیر طالبات کو کالج میں داخلہ کی اجازت نہ ہوگی۔
کارڈ گم ہونے کی صورت میں 50 روپے فیس ادا کرنے پر کارڈ دوبارہ حاصل کیا جا سکتا ہے۔

## مائیگریشن

کالج محدود پیمانے پر طالبات کی اپنے کالج میں منتقلی قبول کرتا ہے۔ بشرطیکہ امیدوار کے نمبر اچھے ہوں۔ اور مذکورہ طالبہ اپنے چال چلن کا سرٹیفکیٹ، حاضریوں کی تعداد کی تصدیق اور حاصل کردہ نمبروں کا کوائف نامہ پیش کرے۔

## حاضری اور چھٹیوں کا ضابطہ کار

1۔ کالج میں داخلہ لینے کے وقت سے ہی طالبات کی حاضری کا شمار کیا جائے گا۔

2۔ ایسی طالبات جن کے نتائج تاخیر سے شائع ہوں گے ان کی حاضریاں (لیکچرز) نتائج کی اشاعت کے دس دن بعد کالج میں داخلہ کے دن سے (جو بھی پہلے ہو) شمار ہوتی ہیں۔

3۔ اگر کوئی طالبہ ضمنی امتحان (موسم خزاں) پاس کرنے کے بعد داخلہ لے تو اس کی حاضریاں ضمنی نتائج کی اشاعت کے بیس دن کالج میں داخلہ کی تاریخ سے (جو بھی پہلے ہو) شمار ہوں گی۔

4۔ صرف وہی طالبات امتحان دینے کی اہل ہوں گی جو دیگر شرائط پوری کرنے کے علاوہ اپنی کلاس میں مندرجہ ذیل تناسب سے حاضریاں پوری کریں گی۔

(۱) تمام مضامین میں کلاس میں دیے گئے لیکچرز کی مجموعی تعداد کا تین چوتھائی حصہ (75%)۔

(۲) ایسے مضامین جن میں تجربات ضروری ہوں تجربات کیلئے مخصوص پیریڈ کی مجموعی تعداد کا تین چوتھائی حصہ بشرطیکہ تجربات پیریڈز کی تعداد چالیس سے کم نہ ہو۔

(۳) کسی کلاس میں چھٹی، بیماری یا کسی اور وجہ سے غیر حاضریوں کی صورت میں حاضریاں شمار کرتے وقت ان دنوں کی رعایت نہیں دی جائے گی۔

5۔ اگر امتحان کیلئے فارم جمع کراتے وقت کسی طالبہ کے لیکچرز مقررہ تناسب سے کم ہوں گے تو سربراہ ادارہ اس طالبہ کا فارم ناظم امتحان کو عبوری طور پر بھیج سکتی ہیں اگر متعلقہ طالبہ امتحان شروع ہونے سے چودہ دن قبل تک اپنے لیکچرز کی کمی پورا نہ کر سکے تو انتظامیہ، ناظم امتحانات کو اطلاع دے کر اس طالبہ کا نام امتحان سے مسترد کرا دیں گی۔ اور اسے امتحان دینے کیلئے رول نمبر جاری نہیں کیا جائے گا۔

6۔ اگر امتحان کے فارم جمع کراتے وقت کسی طالبہ کے لیکچرز مقررہ تناسب سے پورے تھے مگر امتحان کے انعقاد سے ایک ماہ قبل تک مجموعی طور پر اس کے لیکچرز مقررہ تناسب سے کم ہوئے تو سربراہ ادارہ ناظم امتحان کو اطلاع دے کر اس طالبہ کا نام امتحان سے مسترد کروا دیں گی۔ اور اس کو رول نمبر جاری نہیں ہوگا۔

7۔ اگر کسی امیدوار کے لیکچرز مقررہ تناسب سے کم ہوئے تو ضمنی امتحان بھی اس وقت تک نہیں دے سکتی جب تک کہ وہ کمی پوری نہ کرے، سالانہ امتحان کے بعد بھی کالج میں داخل ہونے کی صورت میں دیئے گئے تین چوتھائی لیکچرز حاصل کرنا ضروری ہے۔

8۔ کسی ایک مضمون میں ایک ماہ میں بغیر اجازت ایک ہفتہ (07 دن) کی غیر حاضریوں پر کالج سے نام خارج کر دیا جائیگا۔ ایک پریڈ کی غیر حاضری پر 5 روپے اور ایک سے زائد پیریڈز میں غیر حاضری پر 10 روپے جرمانہ ہوگا۔ جرمانہ ہر ماہ کے اختتام پر لیا جائیگا۔

## چھٹی کے قواعد

1۔ اگر کوئی طالبہ ناگزیر وجوہات کی بنیاد پر چھٹی لینا چاہے تو پرنسپل کے نام والد / سرپرست کی دستخط شدہ درخواست کالج میں بروقت جمع کروانا ضروری ہے

2۔ بیماری کی صورت میں چار دن سے زائد چھٹی کیلئے گورنمنٹ ہاسپٹل کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ کا دستخط شدہ میڈیکل سرٹیفکیٹ جمع کروانا لازمی ہے۔

3۔ دو دن کی چھٹی انگلش ٹیچر / ٹیوٹر سے حاصل کی جا سکتی ہے۔ جبکہ دو دن سے زائد چھٹی کیلئے متعلقہ پرنسپل کی توثیق ضروری ہے۔

4۔ جو طالبہ 15 دن مستقل طور پر غیر حاضر ہوگی اس کا نام خارج کر دیا جائیگا۔ تاہم والدین / سرپرست کی درخواست پر دوبارہ نام داخل کروایا جا سکتا ہے۔ جو کہ تعلیمی سیشن میں صرف ایک بار ہوگا۔

5۔ جو طالبہ سال اول میں داخلہ لینے کے بعد اور سال دوم کی طالبہ تعلیمی سیشن کے آغاز سے ہی غیر حاضر ہوگی، کالج اس کا داخلہ بورڈ کو نہیں بھجوائے گا۔

## امتحانات اور ان کے قواعد وضوابط

### ماہانہ ٹیسٹ

کالج میں ہر ماہ کے اختتام پر تمام مضامین کے ماہانہ ٹیسٹ ہوں گے۔ ہر طالبہ کی ماہانہ ٹیسٹ کی درجہ بندی رپورٹ تیار کی جاتی ہے جس کا ریکارڈ متعلقہ اساتذہ کے پاس موجود ہوگا۔

### دسمبر ٹیسٹ

ہر سال دسمبر میں امتحان منعقد ہوگا ماہانہ ٹیسٹ اور دسمبر ٹیسٹ کے نتائج کی بنیاد پر ہی طالبات کا داخلہ فائنل امتحان کیلئے بھیجا جائیگا۔



### پری بورڈ ٹیسٹ

تعلیمی دورانیہ کے اختتام پر پری بورڈ امتحان کا انعقاد کیا جاتا ہے۔

### قواعد وضوابط برائے امتحانات (انٹرمیڈیٹ)

1- طالبات کیلئے تمام امتحانات، ماہانہ ٹیسٹ، دسمبر ٹیسٹ اور پری بورڈ دینا لازمی ہے۔
2- ماہانہ ٹیسٹ اور دسمبر ٹیسٹ میں غیر حاضری کی صورت میں طالبات کا داخلہ متعلقہ بورڈ کو نہیں بھیجا جائیگا۔
3- جو طالبہ کسی بھی مضمون کے امتحان سے غیر حاضر ہوگی اسے متعلقہ مضمون/مضامین میں فیل شمار کیا جائے گا۔
4- طالبات کی ماہانہ رپورٹ بورڈ کے سالانہ داخلہ فارم میں شامل کی جاتی ہے۔
5- اگر کوئی طالبہ کالج کے داخلی امتحانات میں دو یا دو سے زائد مضامین میں فیل ہو تو اس کا داخلہ متعلقہ بورڈ کو نہیں بھجوایا جائے گا۔
6- طبی بنیاد پر امتحانات سے غیر حاضری کی صورت میں ہسپتال کے سربراہ کا دستخط شدہ میڈیکل سرٹیفکیٹ کالج میں جمع کروانا ضروری ہے۔ مزید برآں غیر حاضر طالبہ کیلئے صحت یابی کے بعد امتحان دینا لازمی ہے۔
7- دوران امتحان کسی قسم کے ناجائز ذرائع استعمال کرنے پر کالج کونسل کے ذریعے باضابطہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ جس کے فیصلے کو کسی بھی کورٹ یا لیگل فورم پر چیلنج نہیں کیا جا سکے گا۔

## بورڈ کو داخلے کی ترسیل کے قواعد و ضوابط

- ☆ 75 فیصد سے کم حاضری پر داخلہ متعلقہ بورڈ کو نہیں بھجوایا جائے گا۔
- ☆ اگر کوئی طالبہ کالج کے داخلی امتحانات میں دو یا دو سے زائد مضامین میں فیل ہوگی تو اس کا داخلہ متعلقہ بورڈ کو نہیں بھجوایا جائے گا۔
- ☆ داخلہ بھیجنے کے بعد کالج کلاسز سے غیر حاضری کی صورت میں طالبات کی رول نمبر سلپ روک لی جائیگی۔

## قواعد و ضوابط برائے امتحان (ایسوسی ایٹ ڈگری / بی ایس پروگرام)

1- ایسوسی ایٹ ڈگری / بی ایس کی ہر ٹرم سولہ ہفتوں کے دورانیہ پر مشتمل ہوگی اور ہر ٹرم میں آٹھ ہفتے کے بعد مڈ ٹرم (Mid Term) امتحان ہوگا۔

2- مڈ ٹرم (Mid Term) امتحان کے نمبر فائنل امتحان کے نتائج میں شامل ہوں گے۔

3- عموماً ہر کورس تین کریڈٹ آورز اور سو نمبرز پر مشتمل ہوگا۔

☆ نمبروں کی تقسیم درج ذیل ہے۔

| Course without Practical | | Course with Practical | |
|---|---|---|---|
| Assesment | Weightage | Assesment | Weightage |
| Mid | 30 | Mid | 30 |
| Secconal | 10 | Secconal | 10 |
| Final | 60 | Final | 40 |
| | | Practical | 20 |

4- سیشنل نمبرز پریزنٹیشن، اسائنمنٹ، حاضری اور عمومی رویے کی بنیاد پر دیے جائیں گے۔
5- طالبات کا کورس پاس کرنے کے لیے فائنل امتحان میں فائنل پیپر کا 40% اور کل نمبروں کا 50% حاصل کرنا لازمی ہے۔
6- امتحانات میں شرکت کے لیے طالبات کی 75% حاضری لازمی ہے۔
7- پہلی ٹرم میں 1.75 سے کم جی پی اے لینے یا تین سے زائد کورسز میں فیل ہونے کی صورت میں طالبات ٹرم سے ڈراپ ہو جائیں گی۔ اور انہیں دوسری ٹرم کے امتحان کے لیے نااہل قرار دے دیا جائے گا۔

## پی۔ٹی۔ایم

تدریسی مثلث یعنی معلم، متعلم اور والدین کے ارتباط کو خصوصی اہمیت دی جاتی ہے۔ والدین اور اساتذہ کے درمیان ملاقات بچوں کی نصابی و ہم نصابی کارکردگی کا جائزہ لینے کا بہترین ذریعہ ہے۔ ہر ماہ کالج میں ہونے والی PTM میں والدین کی شرکت لازمی ہے تاکہ انہیں طالبہ کی تعلیمی کارکردگی اور تعلیمی لحاظ سے درپیش مشکلات سے آگاہ کیا جا سکے اور طالبات کے مسائل اور رویوں پر غور و فکر اور مشاورت کی جا سکے۔ والدین کیلئے لازمی ہے کہ وہ اپنا رابطہ نمبر تبدیل کرنے کی صورت میں ادارہ ہذا کو مطلع کریں۔

## پراکٹوریل بورڈ

کالج میں نظم و ضبط برقرار رکھنے کیلئے اساتذہ پر مشتمل پراکٹوریل بورڈ قائم ہے۔ پراکٹوریل بورڈ کی معاونت کیلئے اہلیت کی بنیاد پر کالج کی چند طالبات کو پراکٹرز مقرر کیا جاتا ہے۔ جو قواعد و ضوابط پر عمل درآمد کروانے میں پراکٹوریل بورڈ کی معاونت کرتی ہیں۔ نظم و ضبط کے ضمن میں تمام شکایات مناسب کارروائی کیلئے ڈیوٹی آفیسرز کے ذریعے پراکٹوریل بورڈ کی سربراہ کو دی جاتی ہیں۔

## ڈیوٹی آفیسر

کالج اساتذہ ہر روز ڈیوٹی آفیسر کے فرائض سرانجام دیتی ہیں۔ ڈیوٹی آفیسر کالج کیمپس میں نظم و نسق کو قائم رکھنے اور طالبات کے قوانین کی پابندی کو یقینی بنانے کی ذمہ دار ہوتی ہیں۔

## ضروری ہدایات برائے ڈسپلن



1۔ طالبات کے معاملات میں کالج کونسل کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

2۔ طالبات کیلئے کالج ٹائم ٹیبل کے مطابق اسمبلی میں حاضر ہونا لازمی ہوگا

3۔ طالبات کے لیے یونیفارم کی پابندی لازمی ہے۔ کالج کارڈ کو ہمہ وقت پہننا ہوگا۔

4۔ طالبات کالج کی ہر قسم کی جائیداد اور املاک اور فرنیچر کی مکمل طور پر حفاظت کریں گی۔

5۔ طالبات کالج کی تزئین و آرائش کیلئے لگائے گئے پودوں، پھولوں اور درختوں کو نقصان نہیں پہنچائیں گی۔






6۔ کالج میں موبائل فون، کیمرہ اور البم لانا سختی سے منع ہے۔

7۔ سیکیورٹی کے پیش نظر کالج کے اندر غیر متعلقہ افراد کا داخلہ منع ہے۔

8۔ طالبات کو میک اپ اور جیولری کے استعمال کی اجازت نہیں ہے۔

9۔ طالبات کیلئے کالج کے اوقات کار اور ٹائم ٹیبل کی پابندی لازمی ہے۔

10۔ کالج میں کسی قسم کی پارٹی اور سالگرہ منانے کی اجازت نہیں ہے۔

11۔ طالبات کسی بھی سیاسی/غیر سیاسی انجمن کی رکن نہ بنیں اور نہ ہی اندرون کالج ایسی سرگرمیوں میں شامل ہوں۔

12۔ کالج سے نام خارج ہونے کی صورت میں دوبارہ داخلہ ایک بار کیا جائیگا اس کے بعد دوبارہ داخلہ ہرگز نہ ہوگا۔

13۔ کالج کے تمام قوانین کی پابندی لازمی ہے۔

## تفصیلات شرح جرمانہ

ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کی صورت میں حکومت پنجاب کے جاری کردہ نوٹیفکیشن نمبر **16,2016** مئی **SOCA-2016/44** کے مطابق مندرجہ ذیل شرح سے جرمانہ وصول کیا جائیگا۔

| | |
|---|---|
| نامکمل یونیفارم | 100 روپے |
| بغیر یونیفارم | 150 روپے |
| ڈسپلن کی خلاف ورزی | 200 سے 1000 روپے تک |
| موبائل فون، کیمرہ، ٹیپ ریکارڈر لانا | 1000 روپے |
| دسمبر ٹیسٹ اور پری بورڈ امتحانات میں غیر حاضری | 200 روپے فی پیپر |

## بک بنک



مستحق طالبات کیلئے نصابی کتب کا ایک بنک موجود ہے۔ یہ بک بنک طالبات کی درخواست پر تعلیمی سال کے دوران کتابیں مہیا کرتا ہے۔ یہ کتابیں اساتذہ اور طالبات بطور عطیہ عنایت کرتے ہیں۔ بک بنک سے استفادہ کرنے والی طالبات امتحانات کے بعد ان کتب کی واپسی کی ذمہ دار ہوتی ہیں۔ طالبات سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ فارغ التحصیل ہونے کے بعد درسی کتب غریب طالبات کے استفادہ کیلئے بک بنک میں بطور عطیہ جمع کروائیں گی۔



## مسجد

نمازکی ادائیگی اور قرآن خوانی کیلئے کالج میں ایک خوبصورت اور کشادہ مسجد موجود ہے۔

## ڈسپنسری

کالج میں ایک ڈسپنسری موجود ہے جہاں طالبات کو بوقت ضرورت طبی سہولیات مہیا کی جاتی ہیں۔

## کالج میگزین


طالبات کی علمی وادبی صلاحیتوں کو جلا بخشنے کیلئے کالج کا ادبی مجلہ **"شفق"** ہر سال شائع ہوتا ہے اس میں اساتذہ اور طالبات کی علمی وادبی کاوشیں شامل ہوتی ہیں۔


## کالج بس



طالبات کے کالج میں آنے جانے کیلئے بس کی سہولت مہیا کی گئی ہے۔
بس کا روٹ متعین ہے۔ جس کی فیس شیڈول کے مطابق وصول کی جاتی ہے







## کالج لائبریری

تشنگانِ علم و ادب کی پیاس بجھانے کیلئے گورنمنٹ گریجوایٹ کالج برائے خواتین جہلم کی لائبریری ایک قیمتی سرمایہ ہے۔ لائبریری میں ہر موضوع پر موجود ذخیرہ کتب سے استفادہ کر کے طالبات اپنی شخصیت کی تکمیل کر سکتی ہیں۔ کالج لائبریری میں اعلیٰ معیار اور نئے ایڈیشن کی کتابوں کے قیمتی نسخہ جات، لغات اور انسائیکلوپیڈیا کا خزانہ موجود ہے۔ مزید برآں روزانہ کے اخبارات طالبات کے مطالعہ کیلئے کالج اوقات کار میں ریڈنگ روم میں موجود ہوتے ہیں۔

## لائبریری سے متعلق قواعد و ضوابط اور لائبریری سیکیورٹی کی واپسی

1۔ داخلہ کے بعد ہر طالبہ اپنا لائبریری کارڈ جاری کروا سکتی ہے جو کتب جاری کرواتے اور واپس کرتے وقت ہمراہ لانا ضروری ہے۔
2۔ طالبات لائبریری کی طرف سے مقرر کردہ اوقات میں کتب اپنے نام سے جاری کروا سکتی ہیں۔
3۔ طالبات کو ایک وقت میں صرف دو کتب دو ہفتے کیلئے جاری ہو سکتی ہیں۔
4۔ لغت، حوالہ جات اور دیگر قیمتی کتب لائبریری میں بیٹھ کر پڑھنے کی اجازت ہوگی یہ جاری نہیں ہو سکیں گی۔
5۔ مقررہ وقت کے بعد واپس کی جانے والی کتب پر 5 روپے یومیہ فی کتب جرمانہ ہوگا۔
6۔ تدریسی عملہ کے ارکان ایک ماہ کیلئے کتب جاری کروا سکتے ہیں۔
7۔ اگر کوئی طالبہ کتاب گم کر دے یا مسخ کر دے تو اس کتاب کی قیمت قواعد کے مطابق ادا کرنا ہوگی۔
8۔ لائبریری کارڈ گم ہونے کی صورت میں 50 روپے جرمانہ ہوگا۔
9۔ رول نمبر سلپ لیتے وقت لائبریری کارڈ واپس کرنا ہوگا

10۔ کالج چھوڑنے کے ایک ماہ بعد لائبریری سکیورٹی کی واپسی کیلئے درخواست ہر ماہ کی دس تاریخ تک وصول کی جائے گی اور ہر ماہ کے آخری دس دن تک سکیورٹی واپس ہوگی۔ایک سال گزرنے کے بعد لائبریری سکیورٹی واپس نہ ہوگی۔

## سٹوڈنٹس ویلفیئر سوسائٹی

طالبات کی تعلیمی ضروریات کو پورا کرنے کی راہ میں حائل معاشی مشکلات سے نبرد آزما ہونے کیلئے کالج میں سٹوڈنٹس ویلفیئر سوسائٹی موجود ہے۔جو ضرورت مند طالبات کیلئے یونیفارم اور مالی معاونت کا انتظام کرتی ہے۔

## کوالٹی اینہانسمنٹ سیل

ادارے کی تعلیمی ساکھ کو بہتر بنانے، بہترین تعلیمی ماحول قائم کرنے اور طالبات کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کیلئے کالج میں کوالٹی اینہانسمنٹ سیل قائم کیا گیا ہے یہ سیل اساتذہ اور طالبات کو اپنی کارکردگی بہتر بنانے کیلئے تجاویز فراہم کرتا ہے۔یہ سیل اعلیٰ تعلیمی مقاصد کے حصول کی راہ میں درپیش مشکلات کیلئے لائحہ عمل بھی طے کرتا ہے۔

## انرولمنٹ کمیٹی

انرولمنٹ کمیٹی کالج میں داخلہ لینے والی طالبات کے ریکارڈ مضامین کے اندراج، تبدیلی مضامین کی منظوری و اندراج اور نام خارج ہونے کی صورت میں دوبارہ داخلہ کا اندراج کرنے کی ذمہ دار ہے۔

## کالج کونسلنگ سنٹر

کالج میں طالبات کی انفرادی اور اجتماعی رہنمائی نیز تعلیمی اور ووکیشنل مشاورت کیلئے تربیت یافتہ اساتذہ کی زیر نگرانی ایک کمیٹی قائم ہے اس کے فرائض اور حدود کار حسب ذیل ہیں۔

(۱) کالج میں داخلہ کے موقع پر طالبات کو مضامین کے انتخاب میں مدد دینا۔

(۲) مستقبل کے پیشوں کیلئے طالبات کی تعلیم میں مشاورت فراہم کرنا۔

(۳) طالبات کو کالج میں داخلہ لینے پر کالج کے اصول و ضوابط، روایات اور سرگرمیوں سے آگاہ کرنا۔

(۴) طالبات کو کالج کی مہیا کردہ سہولیات یعنی لائبریری، تعلیمی وظائف و بک بنک وغیرہ سے استفادہ کرنے میں مدد دینا۔

(۵) طالبات کی انفرادی و نفسیاتی اور معاشرتی مشکلات میں ماہرانہ مشورہ دینا۔

(۶) دوران تعلیم طالبات کی مجموعی رہنمائی۔۔۔ملک کے موجودہ مختلف پیشوں اور ملازمتوں وغیرہ سے تعارف حاصل کرنے کیلیئے ماہرین کے لیکچرز کا اہتمام کرنا۔

## اتالیقی حلقے

ہر طالبہ کو ایک ٹیوٹر کی نگرانی میں ایک اتالیقی حلقے میں شامل کیا جاتا ہے۔ تمام کلاسز کی طالبات اس حلقے میں شامل ہوتی ہیں۔ تاکہ مختلف کلاسز کی طالبات کو ایک دوسرے سے مل جل کر کام کرنے کا مواقع فراہم کر سکیں۔ حلقے کی اتالیق ایک لیکچرار ہوتی ہے۔ جو سال بھر کے دوران طالبات کی فلاح و بہبود، سیرت و کردار کی تشکیل اور تعلیم و تربیت میں دلچسپی لیتی ہیں۔

## ہم نصابی سرگرمیاں

کالج میں طالبات کو صرف مقرر کردہ نصاب کی تکمیل ہی نہیں کروائی جاتی بلکہ ان کی دیگر صلاحیتوں کو بھی اجاگر کیا جاتا ہے۔ جس کیلیئے مختلف علمی و ادبی اور ثقافتی سرگرمیوں کا اہتمام کیا جاتا ہے۔

## سوسائٹیز

طالبات کی علمی و ادبی اور تقریری صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور ان کے اندر بہتر شعور پیدا کرنے کیلیئے سوسائٹیز مختلف علمی و ادبی انجمن اور متعلقہ دائرہ کار کے مطابق دوران سال مختلف مواقع پر تقاریب کا اہتمام کرتی ہے۔ طالبات کے درمیان مختلف مقابلے کرائے جاتے ہیں ہر طالبہ سے توقع رکھی جاتی ہے کہ وہ انجمن کی رکن بن کر متعلقہ انجمن کی سرگرمی میں بھرپور حصہ لے۔ رکنیت کی کوئی فیس مقرر نہیں ہے البتہ رکنیت کی خواہشمند طالبات کو اپنا نام متعلقہ انجمن کی انچارج کے پاس درج کروانا ہوگا۔ سوسائٹیز کے عہدیداران صرف ایک تعلیمی سال کیلیئے نامزد کیے جاتے ہیں۔






## کالج میں درج ذیل سوسائٹیز موجود ہیں

☆ مجلس ادب ☆ انگلش سٹڈیز سرکل ☆ سپورٹس سوسائٹی ☆ انجمن علوم اسلامیہ

☆ سوشل ویلفیئر سوسائٹی ☆ حالات حاضرہ سوسائٹی ☆ نظریہ پاکستان اور علامہ اقبال سوسائٹی

## سپورٹس بورڈ

کالج میں کھیلوں کے انعقاد کے ذریعے طالبات میں اعتماد، جرأت، بلند حوصلگی اور تحمل کے عناصر کو شخصیت کا جزو لاینفک بنایا جاتا ہے کھیلوں کے فروغ، ملکی سطح پر کھیلوں کی ترقی، یونیورسٹی اور بورڈ مقابلوں میں ٹیموں کی شرکت کیلئے کالج میں باقاعدہ سپورٹس بورڈ تشکیل دیا گیا ہے۔ کالج سپورٹس بورڈ مختلف قسم کے کھیلوں مثلاً کرکٹ، والی بال، بیڈمنٹن اور ایتھلیٹکس کا اہتمام و انصرام کرتا ہے۔

## جلسہ تقسیم انعامات


بہترین تعلیمی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی طالبات کی حوصلہ افزائی کیلئے جلسہ تقسیم انعامات کا انعقاد کیا جاتا ہے۔ جلسہ تقسیم انعامات میں داخلی و خارجی امتحانات میں اول، دوم اور سوم آنے والی طالبات کو بالترتیب پہلا، دوسرا اور تیسرا انعام دیا جاتا ہے۔ ان کے علاوہ ہر مضمون میں پہلی دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کرنے والی طالبات کو انفرادی انعامات دیئے جاتے ہیں۔ جلسہ تقسیم انعامات میں کھیلوں اور ہم نصابی سرگرمیوں میں اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی طالبات کی حوصلہ افزائی کیلئے انعامات سے نوازا جاتا ہے۔

## المنائی سپورٹ کمیٹی

کسی بھی تعلیمی ادارے کی سابقہ طالبات اس کا اثاثہ ہوتی ہیں۔ ادارے کی وہ تمام سابقہ طالبات جو آج مختلف شعبہ جات میں کارہائے نمایاں سرانجام دے رہی ہیں ان کیلئے **Alumnis Support Committee** قائم کی گئی ہے۔ تاکہ وہ ادارے کیلئے بہتر فیصلہ سازی، معاشی وسائل کی فراہمی اور ہمہ جہت ترقی میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔



# کالج نقشہ



Map Legends
Hostel
Labs
Wash Room
Stairs
Paved Area
Victor
Water Tank
Class Room
Clerical Offices
Store
Road
Grassy Area / Lawn
Ground
Glass Door
Principal Residence
Auditorium
Principal Residence
Door
Lawn
Main Gate
Road
Multi Purpose Hall
Class Room
Clerk Room
Store
Wash Room
Hostel Building
Science Block
Class Room
Veranda
Canteen
Dispensary
Grassy Area
Gate
Ajnala Road
S
W
N
E








HIGH-PERFORMANCE
LAPTOPS



















# تفصیل واجبات انٹر میڈیٹ اور ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرام

| تفصیل فنڈ | داخلہ فرسٹ ایئر | | ایسوسی ایٹ ڈگری/ بی ایس پروگرام | |
|---|---|---|---|---|
| | آرٹس | سائنس | بی۔ایس سمسٹر | اے ڈی پی سمسٹر |
| 1۔فیس داخلہ | 80/- | 65/- | 225/- | 225/- |
| 2۔بورڈ/یونیورسٹی (رجسٹریشن فیس | 2440/- | 2440/- | 8000/- | 6000/- |
| 3۔ٹیوشن فیس سالانہ | 600/- | 600/- | 720/- | 360/- |
| 4۔جنرل فنڈ | 50/- | 50/- | 50/- | 50/- |
| 5۔میڈیکل فنڈ | 50/- | 50/- | 50/- | 50/- |
| 6۔ریڈ کریسنٹ فنڈ | 60/- | 60/- | 60/- | 60/- |
| 7۔میگزین فنڈ | 120/- | 120/- | 120/- | 120/- |
| 8۔کالج ویلفیئر فنڈ | 50/- | 50/- | 50/- | 50/- |
| 9۔سائنس بریکیج فنڈ [illegible] | 60/- | 60/- | 120/- | 120/- |
| 10۔لائبریری سکیورٹی | 500/- | 500/- | 500/- | 500/- |
| 11۔ کمپیوٹر فنڈ | 300/- | 300/- | 400/- | 400/- |
| 12۔امتحانی فنڈ | 180/- | 180/- | 180/- | 180/- |
| 13۔برقعہ فنڈ | 100/- | 100/- | 100/- | 100/- |
| 14۔ٹرانسپورٹ فنڈ | 150/- | 150/- | 150/- | 150/- |
| 15۔سپورٹس فنڈ | 180/- | 180/- | 180/- | 180/- |
| 16۔شناختی کارڈ | 50/- | 50/- | 50/- | 50/- |
| 17۔بورڈ/یونیورسٹی الحاق فنڈ | 240/- | 240/- | 360/- | 360/- |

نوٹ بورڈ/یونیورسٹی کے فیس شیڈول میں تبدیلی سے فیس میں کمی بیشی ہو سکتی ہے۔

# گھریلو مچھر (ڈینگی) سے احتیاط آپ کے ہاتھ میں

موسم برسات کی آمد کے ساتھ ڈینگی بخار کے پھیلاؤ میں اضافہ ہو گیا ہے۔ گھریلو مچھر (ڈینگی) سے بچنے کیلئے ضروری ہے کہ اس کی نشاندہی کی جائے۔

**ابتداء** یہ مرض تین سو سال پرانا ہے سب سے پہلے 1770ء میں ایشیا، افریقہ اور شمالی امریکہ میں یہ مرض پایا گیا۔ اس کے بعد دنیا کے مختلف حصوں میں اس کی وباء پھوٹتی رہی آج سے 26 سال پہلے جب کیوبا میں اس مرض کی وباء پھوٹی تو ساڑھے تین لاکھ لوگ اس سے متاثر ہوئے اور ان میں سے 158 اموات ہوئیں۔ دنیا میں اس وقت تک پانچ لاکھ سے بھی زیادہ افراد اس مرض کا شکار ہو چکے ہیں۔ جاپان، ویت نام، کیوبا، تھائی لینڈ اور ایشیا میں اب بھی یہ مرض وبائی شکل میں پایا جاتا ہے۔

**وجہ** یہ بخار ایک خاص وائرس سے ہوتا ہے۔ جس کا نام ڈینگی (Dengue) ہے۔ مچھر کی ایک خاص (Aedes Aegypt) ہے جو اس وائرس کے پھیلاؤ کی وجہ بنتی ہے

**پھیلاؤ** جب یہ مچھر ڈینگی بخار کے مریض کو کاٹتا ہے اور خون چوستا ہے تو یہ وائرس خون کے ساتھ مچھر کے معدہ میں چلا جاتا ہے جہاں یہ پھلتا پھولتا ہے اور جب یہی مچھر تندرست آدمی کو کاٹتا ہے تو وائرس کو اس کے جسم میں داخل کر دیتا ہے۔ اس کے ایک سے دو ہفتے کے اندر مریض میں اس مرض کی علامات ظاہر ہونا شروع ہو جاتی ہیں۔





**اقسام** اس کی تین قسمیں ہیں

1. کلاسک ڈینگی فیور 2. معمولی ڈینگی فیور 3. ڈینگی ہیمرجک فیور

## 1 کلاسک ڈینگی فیور (Clasic Dengue Fever)

اس مرض میں آنکھوں اور ناک سے پانی بہنا شروع ہوتا ہے۔ جس کے کچھ ہی گھنٹوں بعد سخت سر درد، آنکھوں کے پیچھے درد، پٹھوں اور جوڑوں میں درد شروع ہو جاتا ہے۔ سر پٹے سے بھی درد میں اضافہ ہوتا ہے اور تیز بخار ہو جاتا ہے۔ کبھی بخار کے ساتھ سردی بھی لگتی ہے بھوک کم ہو جاتی ہے اور منہ کا ذائقہ کڑوا ہو جاتا ہے۔ بعض مریض میں گھبراہٹ، مسوڑھوں میں خون یا خون کی قے آنا شروع ہو جاتی ہے۔ سینے اور بازوؤں پر دھبے ظاہر ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ دو سے تین دن بخار نارمل ہو جاتا ہے۔ اور علامات بھی ٹھیک ہو جاتی ہیں۔ اس کے دو دن بعد دوبارہ بخار ہوتا ہے اور یہی علامات ظاہر ہوتی ہیں جو کہ پانچ سے چھ دن تک رہتی ہیں۔ اس کے بعد مریض ٹھیک ہو جاتا ہے لیکن جسم میں نقاہت کئی ہفتوں تک رہتی ہے

## 2 معمولی ڈینگی فیور (Mild Atypical Fever)

**علامات** یہ ڈینگی فیور کی معمولی قسم ہے جو خود بخود 72 گھنٹوں میں ٹھیک ہو جاتی ہے لیکن اس میں بھی تیز بخار، بھوک میں کمی، سر درد، جسم درد وغیرہ معمولی نوعیت کی علامات ہوتی ہیں۔

## 3 ڈینگی ہیمرجک فیور (Dengue Hemorrhagic Fever)

ڈینگی فیور کی یہ قسم سب سے خطرناک قسم ہے جو کہ وائرس کے جسم میں داخل ہونے کے 6 سے 14 دنوں میں ہوتی ہے اچانک تیز بخار ہوتا ہے جو کہ 103F سے لیکر 105F تک ہے۔ یہ دو سے پانچ دن تک رہتا ہے سر درد، پیٹ میں درد، پٹھوں میں درد، متواتر قے آنا، بھوک کا نہ لگنا، جسم کے کسی بھی حصے سے خون بہنا، جلد پر خون کے دھبوں کا ظاہر ہونا، کالے پاخانے آنا وغیرہ اس کی علامات ہیں۔ ڈینگی فیور کی اس قسم سے موت واقع ہو سکتی ہے لہٰذا اگر کسی مریض میں یہ علامات پائی جائیں تو اسے فوراً ڈاکٹر سے رجوع کرنا چاہیے اس بخار کی پیچیدگی کی وجہ سے گردے، پھیپھڑے اور جگر متاثر ہو سکتا ہے۔ اور بعض اوقات مریض شاک میں چلا جاتا ہے۔ جو کہ جان لیوا ثابت ہو سکتا ہے۔

**لیبارٹری ٹیسٹ** خون میں (Platelets) کی کمی۔ خون کے گاڑھے پن میں اضافہ (Increased Hematocrit)۔ خون میں البیومن (Albumin) کی کمی

**علاج** مریض کو مکمل آرام کرنا چاہیے، صاف پانی، جوس اور ہلکی غذا کا زیادہ استعمال کرنا چاہیے۔ بخار کیلئے بہترین دوا پیراسیٹامول (Paracetamol) ہے اس کے ساتھ جسم پر سادہ پانی کی پٹیاں کرنی چاہئیں۔ اس میں بروفن اور اسپرین جیسی ادویات سے پرہیز کرنا چاہیے۔ اگر مریض کا منہ پر بخار کم ہو جائے تو اسے I/V Fluids، پلازما یا پلازما کمپیونڈ دینے چاہئیں۔ اگر جسم سے خون بہنا شروع ہو جائے تو پلیٹ لیٹ دینے چاہئیں۔

**پھیلاؤ** ڈینگی بخار صرف خاص قسم کے متاثرہ مچھر کے کاٹنے سے ہی منتقل ہوتا ہے یاد رہے کہ یہ بخار ایک شخص سے دوسرے شخص کو منتقل نہیں ہوتا۔

**حفاظتی تدابیر** اس مچھر کے کاٹنے کا وقت طلوع آفتاب کے دو گھنٹے بعد اور غروب آفتاب سے ایک گھنٹہ پہلے ہے خاص طور پر اس وقت میں ایسے کپڑے پہننے چاہئیں جو پورے جسم کو کور کریں۔ مچھر مار ادویات اسپرے کا استعمال کریں۔ گھروں میں جالیاں لگانی چاہئیں۔ کیونکہ یہ صاف پانی کا مچھر ہے اس لئے گھروں میں صاف پانی کے برتن مثلاً ٹینکیاں، واٹر کولر، ڈرم، بوتلیں وغیرہ استعمال کرنے کے بعد خالی کر دیں۔ اور پانی کے ٹھہراؤ کی چیزیں گلدان، گملے اور گملوں کے نیچے رکھے ہوئے برتن خالی رکھیں۔